DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

مورخہ 15-08-2023

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | نگراں وزیراعظم کی کامیابیوں کے لئے ہمیشہ دعاگو رہیں گے، قدوس بزنجو | جنگ ودیگراخبارات |
| 02 | وزیراعلیٰ سمیت بلوچستان کی دیگر شخصیات کو ستارہ امتیاز سے نوازا جائے گا | مشرق ودیگراخبارات |
| 03 | بلوچستان کی خوشحالی وبہتری کیلئے انصاف کے اعلیٰ معیار کو برقرار رکھیں گے، چیف جسٹس نعیم افغان | مشرق ودیگراخبارات |
| 04 | 14اگست قائدین کی قربانیوں سے حاصل کی گئی آزادی کی تکریم کا دن ہے، جان جمالی | جنگ ودیگراخبارات |
| 05 | چمن پاک افغان سرحد پر پرچم کشائی کی تقریب قبائلی عمائدین کی شرکت | جنگ ودیگراخبارات |
| 06 | ملک کے لئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے، بریگیڈیئر رزاق احمد | مشرق ودیگراخبارات |
| 07 | بلوچستان بھر میں جشن آزادی کی تقریبات، پرچم کشائی کیک کاٹے گئے | مشرق ودیگراخبارات |
| 08 | رکھنی محکمہ صحت کی جانب سے ایک روزہ فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد | جنگ ودیگراخبارات |
| 09 | تعلیم ہی کے ذریعے اقوام ترقی کی بلندیوں پر پہنچتی ہیں، مقررین | جنگ ودیگراخبارات |
| 10 | بلوچستان کے نگران وزیراعلیٰ کے لئے مشاورت کا آخری دور شروع | جنگ ودیگراخبارات |
| 11 | گوادر حملے میں چینی شہریوں کا جانی نقصان نہیں ہوا، چین | جنگ ودیگراخبارات |
| 12 | آزادی بہت بڑی نعمت ہے جسکی ہمیں قدر کرنی چاہئے، ڈپٹی کمشنر خضدار | جنگ ودیگراخبارات |
| 13 | گوادر میں جیڈا کے بیشتر منصوبوں پر کام مکمل ہو چکا ہے، وقار لاسی | جنگ ودیگراخبارات |
| 14 | اسپیکر بلوچستان اسمبلی کا ملی نغمے پیش کرنے والوں کیلئے 10لاکھ روپے کا اعلان | جنگ ودیگراخبارات |
| 15 | پارلیمنٹ کے بے توقیری کی ذمہ داری پی ڈی ایم جماعتیں ہیں، لشکری رئیسانی | جنگ ودیگراخبارات |
| 16 | متحد ہوکر ملک دشمن عناصر کی گھناؤنی سازشوں کو ناکام بنانا ہے، گہرام بگٹی | جنگ ودیگراخبارات |
| 17 | زیارت اور سنجاوی کے عوام کا محبت، احترام اور حوصلہ افزائی پر شکرگزار ہوں، نور محمد دمڑ | جنگ ودیگراخبارات |

## امن وامان

وڈھ بازار اور گردنواح میں شدید فائرنگ کی اطلاعات، ڈی سی کمپلیکس سوراب ایریا میں بم دھماکہ، قلات کے پہاڑی علاقہ نرمک ایریا سے ایک شخص کی نعش برآمد، کوئٹہ میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق، صحبت پور، ڈاکوؤں نے ایک شخص کو مزاحمت پر زخمی کردیا، کچلاک معمولی تکرار پر فائرنگ سے دکاندار ہلاک۔

CamScanner

حکومتی سرگرمیاں

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 15-08-2023

## عوامی مسائل

ترقیات میں ست روی بشیر چوک پر بدترین ٹریفک جام اہلکار غائب، سریاب روڈ توسیع منصوبہ عوام کے لئے وبال جان بن گیا، متاثرین، غیر معیاری تیل وگھی کی فروخت جاری صحت عامہ کو شدید خطرات لاحق، نوکنڈی صفائی کی صورتحال انتہائی خراب قصائیوں نے بازار کو کچرے کا ڈھیر بنادیا،

## اداریہ

روزنامہ انتخاب کوئٹہ نے "**شہریوں کو بیماریوں سے بچائو کے لئے اسپرے ضروری ہے**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ حالیہ مون سون بارشوں کے بعد دو ہفتے گزر جانے کے باوجود ابھی تک مکھی اور مچھر مار اسپرے نہی ہوسکا بلوچستان اور سندھ کے بیشتر علاقوں میں بارشوں کا پانی جمع ہونے اور گندگی کے سبب مکھیوں اور رات کو مچھروں کی بہتات نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنادی ہے، دن کو مکھیوں اور رات کو مچھروں کی یلغار سے پھیلنے والے جراثیم کے سبب مختلف بیماریوں جنم لے رہی ہیں، دست، الٹی، پیٹ میں درد سمیت ملیریا بخار میں مبتلا مریضوں کا اسپتالوں میں رش بڑھ گیا بارشوں کے بعد پانی میں جراثیم بڑھنے کے باعث مناسب مقدار میں کلورین اور دیگر کیمیکل ملانا بھی ضروری ہے عوام شہری اداروں اور انتظامیہ کے رحم وکرم پر ہیں اور ابھی تک کسی ادارے کی جانب سے اسپرے کا عمل شروع نہیں کیا گیا جس کے باعث بچوں، خواتین اور بزرگوں سمیت تمام افراد بری طرح بیماریوں کی زد میں ہیں۔

## اداریے:

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے "**منصفانہ انتخابات، وقت کی ضرورت بھی، آئینی تقاضا بھی!!**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے

روزنامہ زمانہ کوئٹہ نے "**سبکدوش پی ڈی ایم حکومت کی کارکردگی**." کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے

روزنامہ بلوچستان ایکسپریس کوئٹہ نے "Balochistan plight and Mengals plea" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Performance of out going PDM govt" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے

روزنامہ جنگ کوئٹہ نے "**انوار الحق کاکڑ ہی کیوں ؟**" کے عنوان سے مظہر برلاس کا مضمون شائع کیا ہے

برائے ڈائریکٹر جنرل
**نظامت تعلقات عامہ بلوچستان**

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Page No. 1

DATE: 15 AUG 2023

INTEKHAB QUETTA

## عبدالقدوس بزنجو، لعل جان جعفر سمیت مختلف شخصیات کو ستارہ امتیاز سے نوازا جائے گا

وزیر اعلیٰ کا عہدہ سنبھالنے پر انوار الحق کاکڑ کو مبارکباد

MASHRIQ QUETTA

## اپنی صفوں میں اتحاد و اتفاق قائم کر کے دشمنوں کے ناپاک عزائم ناکام بنا سکتے ہیں، میر قدوس بزنجو

## وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو کو ستارہ امتیاز سے نوازا جائے گا

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 1

DATE: 15 AUG 2023

Page No: 2

# Unity, harmony can defeat enemy's nefarious designs: CM

## Says Pakistan facing numerous external, internal challenges

**Staff Report**

**)UETTA**: Balochistan Chief linister Mir Abdul Quddus izenjo has said that we got iis country as a result of the eat sacrifices of our forefa- ers. The protection and de- elopment of the country is ow our responsibility.

ı his message to the nation n the occasion of Independ- ıce Day, the Chief Minister iid that in order to discharge ur responsibilities, we have › forget all our differences, e have to rise above all kinds f prejudices and be united. We should work in the form of the nation. Abdul Quddus Bizenjo said that at present the country is facing internal and external challenges and the monster of terrorism, anti-national forces want to weaken and destabilize Pakistan by spreading unrest. By establishing complete unity and harmony in the ranks, we can defeat the evil intentions of the enemies, and by using the edicts of the Quaid-i-Azam and the thought of Allama Iqbal as a torch, we can make Pakistan a great Islamic state.

He said that the occasion of Independence Day But we pay tribute to our martyrs, they are our heroes who have sacrificed their lives for the defense and peace of the country since the establishment of Pakistan.

He said that this day makes us realize how great a blessing freedom is. The people of Balochistan are standing by the side of Kashmiris in their struggle for independence. The Chief Minister said that India strongly condemns the ongoing oppression and violence in Kashmir, India has always tried to encroach on the rights of minorities. He said that the voice of Kashmiris cannot be suppressed with a sharp sword, we have to love the soil of the homeland and promote complete unity and unity in our ranks.

Balochistan Chief Minister Mir Abdul Quddus Bizenjo has congratulated Anwar Haq Kakar on assuming the post of Caretaker Prime Minister. In a statement issued on Monday, he expressed good wishes for the Caretaker Prime Minister and said that assuming the office of the Caretaker Prime Minister today on an important national day is a good omen and the eyes of the entire nation are focused on the Caretaker Prime Minister. He said that conducting the elections in a clear and transparent manner within the stipulated period is the first responsibility of the caretaker prime minister. I will always pray for the successes of the caretaker prime minister. Honorable Anwaarul Haq is a key leader of BAP and our trusted partner. He said that it is hoped that he will use all his skills and energies to fulfill his constitutional responsibilities.

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 1

DATE: 15 AUG 2023

Page No: 3

# Unity, harmony can defeat enemy's nefarious designs: CM

Staff Report

QUETTA: Balochistan Chief Minister Mir Abdul Quddus Bizenjo has said that we got this country as a result of the great sacrifices of our forefathers. The protection and development of the country is now our responsibility.

In his message to the nation on the occasion of Independence Day, the Chief Minister said that in order to discharge our responsibilities, we have to forget all our differences, we have to rise above all kinds of prejudices and be united. We should work in the form of the nation.

Abdul Quddus Bizenjo said that at present the country is facing internal and external challenges and the monster of terrorism, anti-national forces want to weaken and destabilize Pakistan by spreading unrest. By establishing complete unity and harmony in the ranks, we can defeat the evil intentions of the enemies, and by using the edicts of the Quaid-i-Azam and the thought of Allama Iqbal as a torch, we can make Pakistan a great Islamic state.

He said that the occasion of Independence Day But we pay tribute to our martyrs, they are our heroes who have sacrificed their lives for the defense and peace of the country since the establishment of Pakistan. He said that this day makes us realize how great a blessing freedom is. The people of Balochistan are standing by the side of Kashmiris in their struggle for independence.

The Chief Minister said that India strongly condemns the ongoing oppression and violence in Kashmir, India has always tried to encroach on the rights of minorities. He said that the voice of Kashmiris cannot be suppressed with a sharp sword, we have to love the soil of the homeland and promote complete unity and unity in our ranks.

Balochistan Chief Minister Mir Abdul Quddus Bizenjo has congratulated Anwar Haq Kakar on assuming the post of Caretaker Prime Minister. In a statement issued on Monday, he expressed good wishes for the Caretaker Prime Minister and said that assuming the office of the Caretaker Prime Minister today on an important national day is a good omen and the eyes of the entire nation are focused on the Caretaker Prime Minister.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

DATE: 15

Page No.


# بلوچستان کی خوشحالی و بہتری کیلئے انصاف کے اعلیٰ معیار کو برقرار رکھیں گے، چیف جسٹس نعیم اختر افغان

## 14 اگست قائدین کی قربانیوں سے حاصل کی گئی آزادی کی تکریم کا دن ہے، جان جمالی

## صوبائی مشیر... سرگرمیوں کے ... ارب ... روپے

## تقرری پر ... ڈائریکٹر ... نے چارج سنبھال لیا

## چمن: پاک افغان سرحد پر پرچم کشائی کی تقریب، قبائلی عمائدین کی شرکت

## ملکی تعمیر و ترقی کیلئے تجدید عہد کی ضرورت ہے، ڈپٹی کمشنر قلات

## ملک کے لیے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے، بریگیڈیئر رزاق احمد

# بلوچستان بھر میں جشن آزادی کی تقریبات، پرچم کشائی، کیک کاٹے گئے

[illegible]

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Outlet No. 2

DATE: 15 AUG 2023

Page No: 6

MASHRIQ QUETTA


## رکھنی میں محکمہ صحت کی جانب سے ایک روزہ فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد

بارکھان (ج ن) بارکھان [illegible] بلوچستان اور ڈی سی [illegible] کی روشنی میں [illegible] بارکھان [illegible] محکمہ صحت بارکھان کی جانب سے [illegible] رکھنی میں ایک روزہ فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔ [illegible] مریضوں کا مفت علاج کیا گیا۔ [illegible] کیمپ میں تقریباً 401 مریضوں کا معائنہ کیا گیا [illegible]

## گورنمنٹ گرلز کالج گواری روڈ میں یوم آزادی کی تقریب کا انعقاد

کوئٹہ (ج ن) گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج گواری روڈ کوئٹہ میں 76 واں یوم آزادی جوش و جذبے کے ساتھ منایا گیا۔ تقریب کی مہمان خصوصی جوائنٹ ڈائریکٹر کالجز پروفیسر سعیدہ نیاز تھیں۔ کالج پرنسپل پروفیسر شیریں گل کاکڑ سمیت فیکلٹی ممبران اور طالبات کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ پروگرام کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک اور نعت رسول مقبول سے ہوا، اس کے بعد قومی ترانہ پیش کیا گیا۔ تقریب میں کالج کی طالبات نے قومی گیت اور ملی نغمے پیش کئے جو سامعین کو ان کے قومی جذبے اور آزادی کی جدوجہد کی یاد دلاتے ہیں۔ اس سرزمین کے لیے ہمارے آباؤ اجداد کی قربانیوں کی یاد کو تازہ کیا اور طلباء میں اتحاد کا جذبہ پیدا کیا گیا۔ تقریب میں طالبات کی جانب سے پریزنٹیشن پیش کی گئیں جہاں انہوں نے مختلف فورمز میں اپنی تخلیقی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا۔ اس موقع پر جشن آزادی کے سلسلے میں کیک بھی کاٹا گیا۔

## تعلیم ہی کے ذریعے اقوام ترقی کی بلندیوں پر پہنچتی ہیں، مقررین

کوئٹہ (ج ن) گہوارہ فن کے زیر اہتمام گرلز اسکول کی طالبات کے مابین جشن آزادی کے حوالے سے تقریری مقابلہ گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول حاجی غیبی روڈ کوئٹہ میں ہوا۔ تقریری مقابلے کے مہمان خصوصی معروف سماجی شخصیت حاجی محمد اظہر تھے، جبکہ تقریب میں ایک کثیر تعداد میں اسکولوں کی اساتذہ اور طالبات نے شرکت کی۔ تقریری مقابلے میں ججز کے فرائض حمیرا شاہد، جمیدہ گل اور عذرا گل نے انجام دیے۔ گہوارہ فن کے چیئرمین حبیب الرحمن سردار نے سپاسنامہ پیش کیا۔ مہمان خصوصی حاجی محمد اظہر نے اس موقع پر کہا کہ آزادی کا جشن جوش و خروش سے زندہ قومیں مناتی ہیں، وطن سے محبت ہم سب کا اولین فریضہ ہے، ہم سب کو مل کر اپنے ملک کی آزادی کے جشن کو اسی طرح سے جوش و خروش سے منانا چاہیے۔ اسکولوں کی طالبات نے جس طرح جوش و خروش سے آج تقریری مقابلے میں حصہ لیا ہے، یہ ان کی وطن سے محبت کی واضح دلیل ہے۔ گہوارہ فن کی یہ تقریب لاجواب ہے، زندہ اور توانا معاشروں میں ایسی تقریبات ہوتی ہیں۔ طالبات کے لئے کامیابی کا زینہ صرف تعلیم ہے، تعلیم ہی کے ذریعے سے اقوام ترقی کی بلندیوں پر پہنچتی ہیں جبکہ تعلیم کے ساتھ ساتھ طلباء و طالبات کے لئے غیر نصابی سرگرمیوں سے اعتماد بڑھ جاتا ہے۔ تقریری مقابلوں کے نتائج کے مطابق پہلی پوزیشن مریم معروف، دوسری پوزیشن بہارا عبدالشکور، تیسری پوزیشن طاہرہ صفدر اور خصوصی انعام اریبہ کو دیا گیا۔

## گورنمنٹ گرلز ہائی سکول جناح ٹاؤن میں یوم آزادی کی مناسبت سے تقریب

کوئٹہ (ج ن) گورنمنٹ گرلز ہائی سکول جناح ٹاؤن کوئٹہ میں 76 واں یوم آزادی کے سلسلے میں ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کے مہمان خصوصی سیکرٹری تعلیم عبدالرؤف بلوچ تھے جبکہ ڈائریکٹر ایجوکیشن واحد شاکر بلوچ سمیت پرنسپل گرلز ڈگری کالج عظمیٰ گیلانی اور اسکول کی طالبات نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ تقریب میں کالج کی طالبات کی جانب سے مختلف بنائے گئے ماڈلز رکھے گئے تھے جہاں انہوں نے مختلف فورمز میں اپنی صلاحیتوں اور تخلیقی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا۔ یہ سب جشن آزادی کے موضوع کے گرد گھومتے تھے۔ سیکرٹری تعلیم نے ڈائریکٹر ایجوکیشن اور پرنسپل کے ہمراہ طالبات کی جانب سے بنائے گئے ماڈلز کا تفصیلی معائنہ کیا اور طالبات کی کارکردگی کو سراہا۔

## حب میں 76ویں جشن آزادی کی مناسبت پرچم کشائی کی تقریب منعقد

### آزادی کی قدر کرنے والی قومیں ہی دنیا پر حکمرانی کر رہی ہیں، زاہد خان کھیتران و دیگر کا خطاب

حب (ج ن) بلوچستان کے صنعتی ضلع حب میں پاکستان کے 76ویں جشن آزادی کی مناسبت سے پرچم کشائی کی مرکزی تقریب میونسپل کارپوریشن کے سبزہ زار کے احاطے میں منعقد ہوئی۔ ڈپٹی کمشنر حب زاہد خان کھیتران نے پرچم کشائی کی اور قومی پرچم بلند کرکے تقریب کا باقاعدہ آغاز کیا۔ ایف سی 54 ونگ کے لیفٹیننٹ کرنل حارث، ایس پی محمد مراد زئی، ایس پی انوسٹی گیشن فتح محمد، چیئرمین ضلع کونسل حب محمد ابراہیم، وائس چیئرمین میونسپل کارپوریشن حب وڈیرہ بابو فیض شیخ، سرکاری محکموں کے افسران شریک ہوئے۔ تقریب میں پاکستان کی 76ویں جشن آزادی کی سالگرہ کا کیک بھی کاٹا گیا۔ جشن آزادی تقریب کے موقع پر ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ضلع حب کے عوام اور جشن آزادی کی 76 ویں سالگرہ کی شاندار تقریبات میں عوام اور بلدیاتی نمائندے بھرپور انداز میں شریک ہیں۔ ضلعی انتظامیہ نے یوم آزادی کے موقع پر عوام کی تفریح کیلئے کھیلوں، فن اور آرٹ کے مختلف مقابلوں اور سرکاری اسکولوں میں ٹیبلوز پروگرام ترتیب دیے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ قیام پاکستان برصغیر پاک و ہند کے مسلمانوں کی قربانیوں اور قائداعظم محمد علی جناح کی ولولہ انگیز قیادت کی بدولت ممکن ہوا۔ پاکستان کے دفاع اور استحکام کیلئے افواج پاکستان کی شاندار خدمات اور قربانیوں پر بلوچستان کے عوام کو فخر ہے۔ ملک کی ترقی اور استحکام کیلئے عوام ہمیشہ پاک فوج کے شانہ بشانہ رہے ہیں۔

## ژوب میں 76 واں یوم آزادی روایتی انداز میں منایا گیا

### پولیس کے چاق و چوبند دستے نے قومی پرچم کو سلامی پیش کی

ژوب (ج ن) ملک بھر کی طرح ضلع ژوب میں بھی 76 واں یوم آزادی پاکستان کے موقع پر ڈگری کالج میں پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کے مہمان خصوصی کمشنر ژوب ڈویژن سعید احمد عمرانی تھے۔ جشن آزادی تقریب میں ڈپٹی کمشنر ژوب محبوب احمد اچکزئی، اسسٹنٹ کمشنر ژوب حافظ محمد طارق، ایس پی پولیس ژوب عدیل اکبر گجر، ڈی ایس پی پولیس شین گل، پرنسپل گورنمنٹ ڈگری کالج ژوب حسین شاہ، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر موسیٰ خان، ڈسٹرکٹ چیئرمین محمد خان کبزئی اور مختلف سکولوں کے اساتذہ اور طلباء نے شرکت کی۔ جشن آزادی کی تقریب کا آغاز کمشنر سعید احمد عمرانی، ڈپٹی کمشنر محبوب احمد اچکزئی، اسسٹنٹ کمشنر حافظ محمد طارق نے پرچم کشائی کی و پولیس کے چاق و چوبند دستے نے پرچم کو سلامی دی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

DATE: 15 AUG 2023

Page No: 7


# بلوچستان کے نگران وزیراعلیٰ کیلئے مشاورت کا آخری دور شروع

نام پر آج تک اتفاق نہ ہوا تو معاملہ پارلیمانی کمیٹی کے پاس چلا جائے گا، وزیراعلیٰ بلوچستان کے اسلام آباد میں صلاح و مشورے

قائد حزب اختلاف ملک سکندر ایڈووکیٹ نے وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں ڈیرے ڈال لئے، سیاسی جماعتوں کی مشاورت جاری

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان کے نگران وزیراعلیٰ کے لیے مشاورت کا آخری دور شروع ہوگیا ہے اور اس حوالے سے وزیراعلیٰ بلوچستان عبدالقدوس بزنجو اور قائد حزب اختلاف ملک سکندر ایڈووکیٹ نے وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں ڈیرے ڈال لئے ہیں۔ ذرائع کے مطابق وزیراعلیٰ عبدالقدوس بزنجو اور قائد حزب اختلاف کی ملاقات آج متوقع ہے جس میں دونوں رہنما نگران وزیراعلیٰ کے نام ......... بقیہ 3 صفحہ نمبر 9

سے متعلق مشاورت کریں گے۔ ذرائع نے بتایا کہ نگران وزیراعلیٰ کے نام پر کل تک اتفاق نہ ہوا تو معاملہ پارلیمانی کمیٹی کے پاس چلا جائے گا۔ ذرائع نے مزید بتایا کہ جمعیت علماء اسلام (ف) کی جانب سے سابق ایم این اے عثمان بادینی کا نام [illegible] کیا گیا ہے جبکہ بلوچستان [illegible] پارٹی نے [illegible] کا نام دیا ہے۔ بی این پی رہنما میر علی حسن زہری، [illegible] اور سابق بیوروکریٹ شبیہ مینگل، سرفراز بگٹی، پرنس احمد علی بھی نگران وزیراعلیٰ کی دوڑ میں شامل ہیں

## گوادر حملے میں چینی شہریوں کا جانی نقصان نہیں ہوا، چین

پاکستان سے دوستی سبوتاژ کرنے کی کوشش کامیاب نہیں ہوگی، چینی سفارتخانہ

اسلام آباد (آن لائن) چینی سفارت خانے نے کہا ہے کہ گوادر دہشت گردی کے واقعے میں چین کے شہریوں کا کوئی جانی نقصان نہیں ہوا ہے۔ متعلقہ اہلکاروں کو بحفاظت رکھا گیا ہے۔ پاکستان میں چین کے سفارت خانے نے گوادر دہشت گردی واقعے......... بقیہ 22 صفحہ نمبر 9

پر بیان جاری کیا، جس میں کہا گیا کہ گوادر بندرگاہ کے قریب چینی شہریوں کے ایک قافلے پر حملہ کیا گیا۔ چینی سفارت خانے کے اعلامیے کے مطابق واقعے میں چینی شہریوں کا کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، متعلقہ اہلکاروں کو بحفاظت رکھا گیا ہے۔ ترجمان چینی سفارت خانے نے گوادر میں دہشت گردی کی کارروائی کی شدید مذمت کی اور کہا کہ چین کے سفارت خانے اور قونصلیٹ نے پاکستانی حکام سے واقعے کی مکمل تحقیقات کی درخواست کی ہے

MASHRIQ QUETTA

# آزادی کی قدر غلام قومیں ہی بہتر جانتی ہیں، ڈی آئی جی سبی

ہم انتہائی خوش قسمت لوگ ہیں کہ ہم نے اپنی آنکھیں ایک آزاد اور خود مختار ملک میں کھولی ہیں، علی شیر جکھرانی

14 اگست کے دن ہم یہ عہد کریں کہ بہتری کا آغاز اور اصلاح اپنی ذات سے کرنا ہے، تقریب سے ڈی سی قاضی منصور کا خطاب

سبی (غ ن) یوم آزادی کی مناسبت سے پرچم کشائی کی ایک پروقار تقریب کمشنر آفس کے سبزہ زار میں منعقد ہوئی ڈی آئی جی پی سبی رینج علی شیر جکھرانی اور ڈپٹی کمشنر منصور احمد قاضی نے پرچم کشائی کی پولیس کے چاق و چوبند دستے نے سلامی پیش کی تقریب میں ایس ایس پی سبی یوسف کریم [illegible]، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل سید محمد کلیم، اسسٹنٹ کمشنر سبی علی شاہ عباسی سمیت تمام محکموں کے سول انتظامی افسران نے شرکت کی پرچم کشائی کی تقریب کے بعد ڈپٹی کمشنر سبی اور ڈی آئی جی پی سبی رینج نے مون سون شجرکاری مہم کے تحت پودے بھی لگائے اور ملک کی سلامتی اور خوشحالی کے لیے خصوصی دعائیں بھی مانگی گئی ہسپتال اور جیل کے خصوصی دورے بھی کیے گئے قیدیوں میں کھانا اور مریضوں کی عیادت کی گئی اور مٹھائی بھی تقسیم کی محکمہ تعلیم کی جانب سے یوم آزادی کے حوالے سے گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائی سکول میں بھی ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا تھا تقریب کے مہمان خصوصی ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل سید محمد کلیم تھے اس موقع پر ڈویژنل ڈائریکٹر تعلیم محمد اختر، ڈی ای او عبدالمجید ابڑو، ایڈیشنل ڈائریکٹر حافظ اسحاق، ڈی او ای محمد انور لاشاری سمیت اساتذہ کرام طلباء وطالبات نے کثیر تعداد میں شرکت کی تقریب میں مختلف سکولوں کے طلباء وطالبات نے ملی نغمے تقاریر اور ٹیبلو پیش کیے مہمان خصوصی سید محمد کلیم نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم مادر وطن کو ہر خطرے سے محفوظ رکھنے اور پاکستان کو قائداعظم محمد علی جناح کے تصور کے مطابق ایک حقیقی اسلامی فلاحی مملکت بنانے کے عزم کی تجدید کررہی ہے آج کے دن ہم دل وجان سے یہ عہد کریں۔

# کرپشن کا خاتمہ کئے بغیر ارض پاک ترقی کا سفر طے نہیں کرسکتا، کمشنر سبی

برصغیر پاک ہند کے مسلمانوں نے یہ ملک حضرت قائداعظم محمد علی جناح کی ولولہ انگیز قیادت میں حاصل کیا ہے

سانحہ نومئی کے واقعات کو ہر محب وطن پاکستانی نے مسترد کردیا ہے، شاہد سلیم قریشی کا زیارت میں جشن آزادی تقریب سے خطاب

زیارت (غ ن) یوم آزادی کی مناسبت سے ریذیڈنسی ہاؤس زیارت میں پرچم کشائی کی پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، کمشنر سبی ڈویژن شاہد سلیم قریشی نے جھنڈا لہرا کر پرچم کشائی کی۔ پرچم کشائی کی پروقار تقریب میں ایف سی لورالائی کے بریگیڈیئر رزاق، ڈپٹی کمشنر زیارت اور اسسٹنٹ کمشنر زیارت سمیت ضلعی آفیسران نے شرکت کی۔ اس موقع پر کمشنر کا کہنا تھا کہ اگر ملک کو ترقی کی جانب گامزن کرنا ہے تو اس ملک سے ہمیں کرپشن کا خاتمہ کرنا ہوگا، کرپشن کے خاتمے کے لئے ہم سب کو ایک قوم بن کر کردار ادا کرنا ہوگا، انہوں نے کہا کہ سانحہ نومئی کے واقعات کو ہر محب وطن پاکستانی نے مسترد کردیا ہے

سیاسی جماعتیں | عوامی مسائل

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

DATE: 15 AUG 2023

Page No: 8

Bullet No. 2

INTEKHAB QUETTA

## گوادر میں جیڈا کے بیشتر ترقیاتی منصوبوں پر کام مکمل ہو چکا ہے

وقار لاسی

**گوادر انڈسٹریل اسٹیٹس ڈیولپمنٹ اتھارٹی کی جانب سے یوم آزادی شاندار طریقے سے منایا گیا**

گوادر (بیورو رپورٹ) وطن عزیز کے 76 ویں یوم آزادی گوادر انڈسٹریل اسٹیٹس ڈیولپمنٹ اتھارٹی (GIEDA) کی جانب سے بھی شاندار طریقے سے منایا گیا۔ اس موقع پر گوادر انڈسٹریل اسٹیٹس ڈیولپمنٹ اتھارٹی کے [illegible] ڈائریکٹر وقاص [illegible] ڈائریکٹر [illegible]

بقیہ نمبر 53 صفحہ 7 پر

[illegible] سمیت ادارے کے افسران بھی موجود تھے۔ جشن آزادی کے موقع پر [illegible] وقاص احمد لاسی نے پاکستانی قوم خاص کر اہلیان گوادر کو آزادی کی مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے کہا کہ گوادر انڈسٹریل اسٹیٹس ڈیولپمنٹ اتھارٹی سی پیک پروجیکٹ، گوادر اور مکران [illegible] لازم و ملزوم ہے ادارے کو بہتر سے بہتر بنانے کیلئے دن رات [illegible] جاری ہیں۔

## اسپیکر بلوچستان اسمبلی کا ملی نغمے پیش کرنے والوں کیلئے 10 لاکھ روپے کا اعلان

کوئٹہ (آئی این پی) اسپیکر بلوچستان اسمبلی جان جمالی کی جانب سے تقریب میں ملی نغمے پیش کرنے والے بچوں کیلئے 10 لاکھ روپے کا اعلان کیا گیا ہے۔ اسپیکر بلوچستان اسمبلی نے پاکستان کے یوم آزادی کے موقع پر قوم کو پیغام دیا۔ انہوں نے کہا کہ 14 اگست

بقیہ نمبر 76 صفحہ 7 پر

1947 کو پاکستان وجود میں آیا تھا، ہمارے آباؤ اجداد کی قربانیوں سے پاکستان ملا۔ جان جمالی کا کہنا تھا کہ پاکستان ساحل و وسائل کی زمین ہے جس میں کسی چیز کی کمی نہیں۔ پاکستان کی ترقی بلوچستان سے وابستہ ہے۔

## آزادی بہت بڑی نعمت ہے جسکی ہمیں قدر کرنی چاہیے ڈپٹی کمشنر خضدار

**یوم آزادی تقریبات کی مناسبت سے ضلعی انتظامیہ خضدار کے زیر اہتمام [illegible] مقابلہ نعت و حسن قرأت کا انعقاد**

**کیپٹن (ر) اسماعیل احمد اور مہمان خصوصی [illegible]**

خضدار (پ ر) ملک کے 76 ویں یوم آزادی تقریبات کی مناسبت سے ضلعی انتظامیہ خضدار کے زیر اہتمام [illegible] مقابلہ نعت و حسن قرأت کا انعقاد کیا گیا جس کے مہمان خاص ڈپٹی کمشنر خضدار کیپٹن (ر) اسماعیل احمد تھے۔ [illegible] محمد صالح جاموٹ [illegible]

[illegible]

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bulletin No. 3

DATE: 15 AUG 2023

Page No 9

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3 DATE 15 AUG 2023 Page No. 10

## بلوچستان کے وسائل پر پہلا حق تاریخی وارثوں اور پھر صوبے کے عوام کا ہے، نیشنل پارٹی

INTEKHAB QUETTA

## جبری گمشدگیوں سے لوگوں کو محب وطن نہیں بنایا جاسکتا، بلوچ یکجہتی کمیٹی

جبری گمشدگیوں کی پالیسی ریاست کیلئے نقصان دہ، ایسے اقدامات سے نفرتوں میں اضافہ ہوگا

بلوچستان میں حالیہ دنوں میں جبری گمشدگیوں کے واقعات میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے

92 نیوز کوئٹہ

## صحافی جان محمد مہر کے قاتلوں کو گرفتار کیا جائے، بی یو جے

شہادت ناقابل تلافی نقصان، مذمت کرتے ہیں، صحافت کا گلا گھونٹا جا رہا ہے

قاتلانہ حملوں پر صحافی برادری خاموش نہیں رہ سکتی، عرفان سعید، منظور احمد

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 6

DATE: 15 AUG 2023

Page No: 11

INTEKHAB QUETTA


## کچلاک: معمولی تکرار پر فائرنگ سے دکاندار ہلاک

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کچلاک کی ایک دکان میں معمولی تکرار پر فائرنگ سے دکاندار ہلاک ہوگیا۔ پولیس کے مطابق کچلاک کا رہائشی شجاع ولد ولید محمد گزشتہ روز اپنی دکان میں بیٹھا تھا۔ اسی دوران ایک شخص سے معمولی تکرار ہوئی جس پر وہ دکاندار پر فائرنگ کرکے فرار ہوگیا۔ فائرنگ کے نتیجے میں وہ موقع پر ہی ہلاک ہوگیا اطلاع ملنے پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر لاش کو ہسپتال پہنچایا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثہ کے حوالے کردی گئی جبکہ پولیس مقدمہ درج کرکے نامزد ملزم کی گرفتاری کے لئے چھاپے مار رہی ہے۔

## محبت پور: مسلح افراد نے موٹر سائیکل چھین لی

محبت پور (نامہ نگار) گوٹھ خیر واہ کے مقام پر نامعلوم افراد نے اسلحہ کے زور پر عبدالخالق شیخ سے موٹر سائیکل چھین لیا مزاحمت پر گولی مار کر زخمی کردیا گیا ملزمان فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔

## وڈھ بازار اور گردونواح میں شدید فائرنگ کی اطلاعات

### فائرنگ سے کسی جانی نقصان کی اطلاع نہیں ملی، انتظامیہ نے فائرنگ کی تصدیق کردی

وڈھ (انتخاب نیوز) وڈھ بازار اور گردونواح میں شدید فائرنگ بقیہ نمبر 31 صفحہ 7 پر

کی اطلاعات ہیں فائرنگ حبیب ہوٹل اور صالح محمد بازار جنوب کے علاقوں میں ہوئی فائرنگ کا سلسلہ شام کے بعد شروع ہوا جو وقفے وقفے سے جاری ہے وڈھ انتظامیہ نے فائرنگ واقعات کی تصدیق کردی فائرنگ سے تاحال کسی جانی نقصان کی اطلاع نہیں ملی واضح رہے نواب رئیسانی کی کوششوں سے غیر معینہ مدت تک فائر بندی ہوئی تھی۔

## ڈی سی کمپلیکس سوراب ایریا میں بم دھماکہ

سوراب (یو این اے) ڈی سی کمپلیکس سوراب ایریا میں بم دھماکہ، آس پاس کے علاقوں شدید خوف و ہراس تفصیلات بقیہ نمبر 21 صفحہ 7 پر

کے مطابق ملک کے دیگر علاقوں کی طرح ضلع سوراب میں جشن آزادی کی تیاریاں زور شور سے جاری ہے جبکہ آج شام نامعلوم مسلح افراد ڈپٹی کمشنر کے دفتر کو بم حملوں میں نشانہ بنایا دھماکے کی آواز دور دور تک سنائی دی واقعے کے بعد پولیس اور فورسز کی بڑی تعداد جائے وقوعہ پر پہنچ کر شواہد اکٹھے کر رہی ہے۔ تاحال پولیس کی جانب سے کسی قسم کی جانی نقصانات کی اطلاعات موصول نہیں ہوئی ہیں۔

## قلات کے پہاڑی علاقہ ترک ایریا سے ایک شخص کی نعش برآمد

قلات (نمائندہ انتخاب) قلات کے پہاڑی علاقہ ترک ایریا سے ایک شخص کی نعش برآمد، شناخت کیلئے آر ایچ سی منگچر منتقل، لیویز ذرائع کے مطابق مقتول کو نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کرکے قتل کردیا ہے نعش بقیہ نمبر 74 صفحہ 7 پر

کو شناخت کیلئے آر ایچ سی منگچر منتقل کردیا جارہا ہے

## محبت پور، ڈاکوؤں نے ایک شخص کو مزاحمت پر زخمی کردیا

فرید آباد (آن لائن) محبت پور میں بدامنی عروج پر پہنچ گئی عوام کو ڈاکوؤں اور چوروں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا گیا ہے دن دیہاڑے پولیس تھانہ محبت پور کی حدود گوٹھ عبدالمجید کھوسو کے قریب نامعلوم مسلح ڈاکوؤں نے بقیہ نمبر 77 صفحہ 7 پر

عبدالخالق شیخ سے موٹر سائیکل چھین لیا مزاحمت پر گولی مار کر شدید زخمی کردیا گیا، ملزمان فرار ہونے میں کامیاب ہوئے واقع کی اطلاع ملنے پر پولیس جائے وقوعہ پر پہنچ کر زخمی کو ڈی ایچ کیو ہسپتال منتقل کر دیا گیا مزید علاج کیلئے سندھ ریفر کردیا گیا مزید پولیس تفتیش کر رہی ہے

## کوئٹہ میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ہوگیا۔ پولیس کے مطابق پیر کو کوئٹہ کے علاقے نیو کچلاک بائی پاس پر نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ہو گیا، پولیس نے لاش کو تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کر دیا مزید کارروائی جاری ہے۔

CamScanner

## CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: 92 نیوز کوئٹہ

Page No: 12

Bullet No. 5

DATE: 15/ /23


ترقیاتی کاموں میں سست روی

# بشیر چوک پر بدترین ٹریفک جام، اہلکار غائب

چھوٹی بڑی گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کی لمبی قطاریں، پیدل چلنا بھی محال، لوگ گھنٹوں انتظار پر مجبور، شہریوں کی جانب سے اپنی مدد آپ کے تحت گاڑیوں کیلئے راستہ بنانے کے مناظر عام

**عرصہ دراز سے نالے کا کام جاری، ٹھیکیدار مرضی سے کام کر رہا، ٹریفک نظام درہم برہم، دھول مٹی کا طوفان رہتا، مریضوں کو اسپتال پہنچانے میں دشواری (شہری) فوری تدارک کا مطالبہ**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ترقیاتی کام میں سست روی کی وجہ سے کرانی روڈ بشیر چوک پر بدترین ٹریفک جام معمول بن گیا، ٹریفک پولیس اہلکار غائب ہوگئے، شہری اپنی مدد آپ کے تحت گاڑیوں کیلئے راستہ بنانے پر مجبور ہوگئے، گاڑیوں کا پہیہ رک جانے سے لوگ گھنٹوں انتظار پر مجبور ہیں، عوامی حلقوں نے حکام بالا سے نوٹس لینے کا مطالبہ کردیا۔ تفصیلات کے مطابق کوئٹہ کے کرانی روڈ بشیر چوک نالے کی تعمیر کا کام سست روی کا شکار ہے جس کی وجہ سے بشیر چوک سے ملحقہ زمیندارہ گلی، کرانی روڈ و دیگر علاقوں میں بدترین ٹریفک جام معمول بن گیا، صبح اور خصوصاً شام کے وقت دور دور تک رکئے، چھوٹی بڑی گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کی لمبی قطاریں لگ جاتی ہیں، کرانی روڈ پر ٹریفک پولیس اہلکار بھی منظر عام سے غائب ہوگئے ہیں، رش کے درمیان شہری اپنی مدد آپ کے تحت سڑک پر کھڑے ہوکر گاڑیوں کے لئے راستہ بناتے نظر آتے ہیں۔ شہریوں نے بتایا کہ عرصہ دراز سے نالے کی تعمیر کے لئے کھدائی کی گئی ہے مگر کام انتہائی سست روی کا شکار ہے، ٹھیکیدار اپنی مرضی سے کام کر رہا جس کی وجہ سے نہ صرف ٹریفک کا نظام درہم برہم ہوگیا بلکہ ہر وقت دھول مٹی کے طوفان کا سامنا ہوتا ہے، گاڑیوں، موٹر سائیکلوں اور رکشوں کے رش کے باعث پیدل چلنا محال ہوجاتا، انہوں نے بتایا کہ ہنگامی صورتحال میں ایمبولینس میں مریضوں کو اسپتال پہنچانے میں دشواری کا سامنا ہوتا ہے، متعدد بار شکایتیں کیں اور ہر فورم پر آواز بھی اٹھائی مگر کوئی شنوائی نہیں ہوری، شہریوں نے چیف سیکرٹری بلوچستان و دیگر حکام سے مطالبہ کیا بشیر چوک پر نالے اور سڑک کی تعمیر و مرمت کے کام میں سست روی کا نوٹس لیتے ہوئے ٹھیکیدار کے خلاف کارروائی کے احکامات جاری کئے جائیں، جلد نالے کی تعمیر کا کام مکمل کرکے عذاب سے نجات دلائی جائے۔

# سریاب روڈ توسیع منصوبہ عوام کیلئے وبال جان بن گیا، متاثرین

ہزاروں خاندان بے گھر، روزگار چھن گیا، معاہدوں پر عملدرآمد نہیں کیا جارہا

**سیاسی جماعتوں نے اس مسئلے پر مجرمانہ خاموشی اختیار کررکھی ہے، عبدالمجید مینگل**

کوئٹہ (پ ر) محمد ٹاؤن یونٹ 2، ریڈیو اسٹیشن پاکستان سریاب روڈ کے متاثرین حاجی عبدالمجید مینگل، حاجی عبدالحمید مینگل، حاجی عبدالواحد مینگل، حارث نور، حاجی محمد اکرم [illegible]، حاجی غلام جان شاہوانی، حاجی محمد اعظم شاہوانی، ڈاکٹر عزیز مگسی اور دیگر نے کہا کہ متاثرین محمد ٹاؤن یونٹ 2 ریڈیو اسٹیشن پاکستان سریاب روڈ کے ساتھ ناروا سلوک رکھا جارہا ہے۔ ان سے ہونے والے معاہدوں کی خلاف ورزی کی جارہی ہے۔ ہماری قیمتی زمین کوڑیوں کے مول قبضہ کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے جو ان کی زمین اور تعمیرات کا جو ریٹ رکھا ہے۔ اس ریٹ پر قالین کا فٹ بھی نہیں ملتا۔ انہوں نے کہا کہ سریاب روڈ توسیع کے نام پر ہزاروں خاندانوں کو بے گھر اور بے روزگار کیا گیا۔ جو اب کسمپرسی اور دربدری کی زندگی گزار رہے ہیں۔ متاثرین نے کہا کہ سیاسی جماعتوں نے اس مسئلے پر مجرمانہ خاموشی اختیار کررکھی ہے اور اس اہم معاملے پر متاثرین سریاب کو بے یار و مددگار چھوڑ دیا گیا ہے حالانکہ سیاسی جماعتیں عوامی حقوق کا دعویٰ کرتے نہیں تھکتے۔ انہوں نے کہا کہ اس منصوبے کے نام پر بہت سی دکانوں اور گھروں کو مسمار کیا گیا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Quetta

Bullet No. 5

DATE: 15 AUG 2023

Page No: 13

# غیر معیاری تیل و گھی کی فروخت جاری

## صحت عامہ کو شدید خطرات لاحق

شہر کے مختلف علاقوں میں سرعام غیر معیاری تیل، گھی تھوک کے بھاؤ پر فروخت کیا جارہا ہے جسکا استعمال انسانی صحت کے لئے انتہائی مضر ہے اسکے استعمال سے بیماریاں بھی پھیل رہی ہیں

**اکثر ہوٹلز فوڈ پوائنٹس، سموسہ پکوڑا شاپس مالکان، پکوان ہاؤسز کھانے پکانے میں یہی غیر معیاری تیل و گھی استعمال کرتے ہیں لیبارٹری ٹیسٹ کرایا جائے، عوامی حلقے**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی دارالحکومت میں غیر معیاری تیل و گھی کی سرعام فروخت کا سلسلہ نہ رک سکا، خطرناک امراض پھیلنے لگے، فوڈ کنٹرول اتھارٹی نوٹس لے عوامی حلقوں کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق شہر کے مختلف علاقوں میں سرعام غیر معیاری تیل، گھی تھوک کی نرخ پر فروخت کیا جارہا ہے جسکا استعمال انسانی صحت کے لئے انتہائی مضر ہیاور اسکے استعمال سے بیماریاں بھی پھیل رہی ہیں ذمہ دار ذرائع کے مطابق شہر کی تھوک مارکیٹوں میں سرعام غیر معیاری تیل و گھی فروخت کیا جارہا ہے اور یہ تیل و گھی ہوٹلوں کے بجائے دسترخوانوں میں فروخت ہورہا ہے ذرائع نے بتایا کہ شہر کے اکثر ہوٹلز فوڈ پوائنٹس، سموسہ پکوڑا شاپس مالکان، پکوان ہاؤسز کھانے پکانے میں یہی غیر معیاری تیل و گھی استعمال کرتے ہیں جو کہ انسانی صحت کے لئے انتہائی خطرناک ہے ابھی ماہ میلاد میں سموسوں پکوڑوں کی دکانوں میں رش بڑھ جاتا ہے لیکن دکاندار ایک ہی تیل بار بار استعمال کرتے ہیں جو کہ مختلف بیماریوں کے پھیلنے کا سبب بنتے ہیں ماہرین صحت کا کہنا ہے کہ غیر معیاری تیل بھی انسانی صحت کے لئے انتہائی مضر جس میں کیمیائی اجزاء زائد مقدار میں موجود ہوتے ہیں جو انسانی جسم میں داخل ہونے پر مختلف اقسام کے کینسر و دل کے امراض کا سبب بن سکتے ہیں عوام بھی غیر معیاری تیل وگھی کے استعمال سے اجتناب کریں دوسری جانب عوامی و سماجی حلقوں نے فوڈ کنٹرول اتھارٹی سے اپیل کی ہے کہ شہر میں غیر معیاری تیل، گھی فروخت کرنے والوں کیخلاف کریک ڈاؤن کیا جائے اور ہوٹلز فوڈ پوائنٹس، سموسہ پکوڑا شاپس مالکان، پکوان ہاؤسز سے کھانے کے سیمپل لیکر لیبارٹری ٹیسٹ کروایا جائےاور غیر معیاری تیل و گھی فروخت کرنے والوں کیخلاف سخت کاروائی عمل میں لائی جائے۔

# نوکنڈی صفائی کی صورتحال انتہائی خراب قصائیوں نے بازار کو کچرے کا ڈھیر بنا دیا

بازار میں موجود قصائی بھیڑ بکریاں اونٹ وغیرہ ذبح کرکے انکی آلائشیں وغیرہ چھوڑ جاتے ہیں

**شہر سے باہر اکے لئے مذبح خانہ موجود ہے شہر میں صفائی کے نظام کو برقرار رکھنے کے لئے باقاعدہ ایک نظام بنا کر لوکل ملازمین کو سختی سے پابند کیا جائے**

نوکنڈی (آن لائن) نوکنڈی شہر میں صفائی کی صورتحال انتہائی خراب بازار ایریا میں قصائیوں کی جانب سے جانوروں کے خون اور گندگی سے تعفن پھیل رہی ہے جس سے بیماریاں پھیلنے کے خدشہ کو رد نہیں کیا جاسکتا نوکنڈی شہر کے مین وسط میں موجود بازار میں قصائیوں نے بازار اور ریلوے ٹریک کے درمیان جہاں سے روزانہ کلی غریب آباد سے طلبا و طالبات گزر کر گرلز سکول ایف سی سکول اور بوائز ہائی سکول پڑھنے جاتے ہیں درمیان میں موجود اس گندگی کے ڈھیر اور جانوروں کے بدبودار خون و آلائشوں سے انتہائی پریشانی کے شکار ہیں اور کئی دفعہ طلبا و طالبات کی حالت غیر بھی ہوئی ہے کیونکہ بازار میں موجود قصائی یہاں بھیڑ بکریاں اونٹ وغیرہ ذبح کرکے بھی پرانکی آلائشیں وغیرہ چھوڑ جاتے ہیں حالانکہ شہر سے باہر اکے لئے مذبح خانہ موجود ہے مگر قصائیوں نے اپنی من مانی کرکے بازار کو کچرے کا ڈھیر بنا دیا ہے علاوہ اسکے قومی شاہراہ پر بھی دکانوں کے آس پاس کچرے کے ڈھیر دیکھنے کو ملیں گے شہر کے مساجد سکولز اور گھروں کے قریب بھی گندگی و کچروں کے ڈھیر ملیں گے عوامی حلقوں نے ضلع چاغی چیئرمین اور وی چیئرمین نوکنڈی سے اپیل کیا کہ علاقہ کو صاف ستھرا رکھنے اور لوگوں کو بیماریوں اور پریشانیوں سے بچانے کے لئے قصائیوں کو سختی سے پابندی عائد کردی کہ وہ شہر سے باہر موجود مذبح خانہ میں مویشیوں کو ذبح کرکے وہیں پر انکی آلائش وغیرہ چھوڑ دیں اور شہر میں صفائی کے نظام کو برقرار رکھنے کے لئے باقاعدہ ایک نظام بنا کر لوکل ملازمین کو سختی سے پابند کریں کہ وہ روزانہ صفائی کریں تاکہ کچروں کے ڈھیر جمع نہ ہونے پائیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Page No: 12

Bullet No. 6

DATE: 15 AUG 2023

## شہریوں کو بیماریوں سے بچاؤ کے لیے اسپرے ضروری ہے

حالیہ مون سون بارشوں کے بعد دو ہفتے گزر جانے کے باوجود ابھی تک مکھی اور مچھر مار اسپرے نہیں ہوسکا۔ بلوچستان اور سندھ کے بیشتر شہروں میں بارشوں کا پانی جمع ہونے اور گندگی کے سبب مکھیوں اور مچھروں کی بہتات نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنادی ہے، دن کو مکھیوں اور رات کو مچھروں کی یلغار سے پھیلنے والے جراثیم کے سبب مختلف بیماریاں جنم لے رہی ہیں، دست، الٹی، پیٹ درد سمیت ملیریا بخار میں مبتلا مریضوں کا اسپتالوں میں رش بڑھ گیا ہے۔ بارشوں کے بعد پانی میں جراثیم بڑھنے کے باعث مناسب مقدار میں کلورین اور دیگر کیمیکل ملانا بھی ضروری ہے۔ عوام شہری اداروں اور انتظامیہ کے رحم کرم پر ہیں اور ابھی تک کسی ادارے کی جانب سے اسپرے کا عمل شروع نہیں کیا گیا۔ جس کے باعث بچوں، خواتین اور بزرگوں سمیت تمام افراد بری طرح بیماریوں کی زد میں ہیں۔

بلوچستان سندھ اور کے شہری علاقوں میں مون سون کی بارشوں کا سلسلہ ابھی بھی جاری ہے، شہروں میں مسلسل پھوار پڑنے سے موسم خوشگوار ہوگیا ہے تاہم جگہ جگہ پانی اور گندگی کے ڈھیر ہونے کے باعث شہریوں کا جینا محال ہو چکا ہے۔ گندگی کے مسلسل ڈھیر سے تعفن پھیلنے کا بھی خدشہ ہے۔ بیشتر مقامات پر عوام نے اپنی مدد آپ کے تحت صفائی کا بندوبست کیا ہے لیکن شہریوں کے پاس بھاری مشینری نہ ہونے کے باعث بڑے پیمانے پر صفائی ستھرائی کا کام نہیں ہوسکتا۔ یہ کام بلدیاتی اداروں کا ہے جو اپنے فرائض کی انجام دہی میں مسلسل ناکام نظر آرہے ہیں۔ شہروں کا حال دیہاتوں سے بدتر ہوتا جارہا ہے کیونکہ دیہاتوں میں کچی زمین ہونے کے باعث پانی زیرزمین چلا جاتا ہے جبکہ شہروں میں سڑکوں اور پکی گلیوں کے باعث پانی جمع ہوکر جوہڑ کی شکل اختیار کرلیتا ہے اور بعد میں اس میں طرح طرح کی حشرات اور آبی کیڑے جنم لیتے ہیں۔ شہروں میں صفائی کا جامع پلان نہ ہونے کے باعث لاکھوں ٹن گندگی جمع ہوچکی ہے، کوئی ادارہ اس گندگی کو روزانہ کی بنیادوں پر ٹھکانے لگانے کو تیار نہیں ہے۔

محکموں میں ضرورت سے زیادہ ملازمین بھرتی ہونے کے باعث بھی شہروں میں صفائی کا نظام درہم برہم ہے، کیونکہ تنخواہوں، مراعات، پیٹرول، مینٹینس اور دیگر مد میں ملنے والی تمام رقم صرف ملازمین کی تنخواہوں پر صرف ہوجاتی ہے، جس کے باعث مشینری چلانے کے لیے پیٹرول، ڈیزل، حتیٰ کے ٹائر تک دستیاب نہیں ہیں۔ یہ سلسلہ گزشتہ چودہ برسوں سے جاری ہے، سندھ میں خاص طور پر اوور اسٹافنگ (ضرورت سے زیادہ ملازمین) بھرتی کرنا معمول کی بات ہے، جس کے باعث ادارے تنخواہوں کے بوجھ تلے ہی دب جاتے ہیں، بلدیاتی ادارے، واٹر اینڈ سیوریج، کے ایم سی، ڈی ایم سی اور دیگر کی کارکردگی بری طرح خراب ہونے کی ایک اہم وجہ یہ بھی ہے۔ محض ووٹ بینک بڑھانے کے لیے شہری اداروں کو تباہ کردینا کہاں کی عقلمندی ہے، جتنے ملازمین بھرتی کرکے ووٹ بینک بڑھایا جائے گا اس سے زیادہ شہریوں کے مسلسل اذیت میں رہنے کے باعث ووٹ بینک کم ہوجائے گا اور ایسے بھی کسی ادارے کو تباہ کرکے عوام کی کون سی خدمت ہوگی یہ سمجھ سے بالاتر ہے۔

کراچی کا میئر پیپلزپارٹی کا جیالا مقرر ہوئے بھی مہینے سے زیادہ ہوگیا لیکن تاحال کوئی کام ہوتا نظر نہیں آتا، میئر کے اختیارات بڑھانے کے لیے صوبائی اسمبلی سے بل بھی منظور کرلیا گیا مگر میئر کی کارکردگی کسی شعبے میں نظر نہیں آئی، گوکہ ایک ماہ بہت قلیل مدت ہے لیکن اس دوران کچھ مشینری حرکت میں آتی تو نظر آنی چاہیے تھی۔ بہرحال اب صوبائی اسمبلیاں تحلیل ہوچکی ہیں لیکن ادارے موجود ہیں اور میئر بھی موجود ہیں انہیں اپنی ذمے داریوں کا احساس کرتے ہوئے عوام کو بیماریوں سے بچانے کے لیے فوری طور پر اسپرے مہم کا آغاز کرنا چاہیے اور گندگی کو ٹھکانے لگانے کے لیے بھی فوری اقدامات کرنے چاہئیں۔

عوام کو بھی اپنی گلی محلوں کی صفائی کے لیے خود بھی انتظامات کرنے کی ضرورت ہے، جتنا ممکن ہوسکے اپنے گھر، گلی اور محلوں کو صاف رکھا جائے، جہاں جہاں پانی جمع ہے اس کے نکاسی کے لیے بندوبست کیا جائے، نجی جمعداروں کی معاونت بھی حاصل کی جاسکتی ہے۔ اس کے علاوہ ڈی واٹرنگ پمپ اور دیگر مشینری بھی انتہائی سستے داموں کرائے پر دستیاب ہے، محلہ کمیٹیاں بنا کر بھی اس جانب توجہ دی جائے تو کافی بہتری آسکتی ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

15 AUG 2023

Bullet No. 6

DATE:

Page No: 15


# منصفانہ انتخابات، وقت کی ضرورت بھی، آئینی تقاضا بھی!!

پیر کو بلوچستان سمیت ملک بھر میں یوم آزادی روایتی جوش وجذبے اور احترام کے ساتھ منایا گیا اور اس عہد کی تجدید کی گئی کہ اسلاف کی جدوجہد اور شہداء کی قربانیوں کو رائیگاں نہیں جانے دیا جائے گا اور ملک کا بچہ بچہ ارض پاک کے دفاع، استحکام، سلامتی اور ترقی کے لئے عسکری وسیاسی قیادت کے شانہ بشانہ اپنی انفرادی اور اجتماعی ذمہ داریوں کی بجا آوری کو یقینی بنائے گا۔ یقیناً اس دن کا تقاضا بھی یہی ہے تاہم گزشتہ روز جہاں ایک طرف ملک کے قیام کی 76 ویں سالگرہ منائی گئی وہاں ایک اور فرض کی بھی تکمیل ہوئی، نگران وزیراعظم جن کا دوروز قبل تقرر کیا گیا تھا انہوں نے یوم آزادی کے موقع پر اپنے عہدے کا حلف اٹھایا صدر مملکت عارف علوی نے نگران وزیراعظم سے ان کے عہدے کا حلف لیا۔ انوار الحق کاکڑ کی نگران وزیراعظم حلف برداری کے بعد شہباز شریف سبکدوش ہوگئے ہیں گزشتہ روز نگران وزیراعظم کی حلف برداری کے بعد سبکدوش وزیراعظم شہباز شریف روانگی سے قبل گارڈ آف آنر دیا گیا شہباز شریف کو بطور وزیراعظم اپنی مدت کی تکمیل کے بعد گزشتہ روز ڈی نوٹیفائی کر دیا گیا ہے اور ان کی جگہ انوار الحق کاکڑ کی تقرری کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ہے انوار الحق کاکڑ نے سینٹ کی رکنیت سے استعفیٰ دے دیا ہے انوار الحق کاکڑ نے اس عہدے سے استعفیٰ اس لیے دیا ہے کیونکہ وہ غیر جانبدار نگران وزیراعظم بننا چاہتے ہیں، ملک میں صاف اور شفاف انتخابات کو یقینی بنانا ان کی ذمہ داری ہے، جس کے لیے وہ الیکشن کمیشن آف پاکستان کے ساتھ تعاون کریں گے اور اپنی آئینی ذمہ داریوں نبھائیں گے مسلم لیگ (ن) سمیت حکومت اور اپوزیشن جماعتوں نے نگران وزیراعظم کے لئے انوار الحق کاکڑ کی تقرری کا خیر مقدم کرتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا ہے کہ وہ صاف وشفاف انتخابات کے انعقاد کو یقینی بنانے کے لئے الیکشن کمیشن کے ساتھ بھرپور تعاون کریں گے گزشتہ روز جاری بیان میں شہباز شریف نے امید ظاہر کی تھی کہ انوار الحق کاکڑ شفاف انتخابات کو یقینی بنائیں گے، انہوں نے کہا کہ تمام جماعتوں کی طرف سے انوار الحق کاکڑ کے نام پر اعتماد ان کے مناسب انتخاب کو ثابت کرتا ہے کیونکہ وہ نگران وزیراعظم ایک پڑھے لکھے اور محب وطن شخص ہیں سبکدوش ہونے والے وزیراعظم کے مطابق نگران وزیراعظم کے لیے انوار الحق کاکڑ کو نامزد کرنے کا فیصلہ ایک آئینی عمل کے تحت کیا گیا کیونکہ وہ عبوری سیٹ اپ کی سربراہی کے لیے سب سے موزوں شخص ہیں انوار الحق کاکڑ کو نگران وزیراعظم بنانے کا اعلان بارہ اگست کو سابق وزیراعظم شہباز شریف اور قومی اسمبلی میں سابق قائد حزب اختلاف راجا ریاض کے درمیان ملاقات کے بعد کیا گیا تھا، جنہوں نے کئی روز کی ملاقاتوں اور گفت وشنید کے بعد اس منصب کے لئے ان کا انتخاب کیا شہباز شریف کا کہنا تھا کہ انوار الحق کاکڑ کے نام پر تمام جماعتوں کا اعتماد سے ثابت ہوتا ہے کہ نگران وزیراعظم کے لیے ایک تعلیم یافتہ اور محب وطن کا انتخاب کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ انوار الحق کاکڑ کا انتخاب ایک آئینی عمل کے ذریعے ہوا ہے اور وہ عبوری حکومت کی سربراہی کے لئے انتہائی موزوں شخصیت تھے۔ بلوچستان سے تعلق رکھنے والے انوار الحق کاکڑ کسی تعارف کے محتاج نہیں آپ پاکستان کے آٹھویں نگران وزیراعظم بنے ہیں اور اس اہم منصب سے قبل آپ سیاست کے میدان میں اپنی فہم وبصیرت کا لوہا اچھی طرح سے منوا چکے ہیں ایوان بالا میں بلوچستان کے رکن کی حیثیت سے انہوں نے نہ صرف بلوچستان کے مسائل کے حل کے لئے اپنا فعال ومتحرک کردار ادا کیا بلکہ مجموعی قومی مسائل کے حل میں بھی ہمیشہ پیش پیش رہے ان کا تقرر ایک ایسے وقت میں بطور نگران وزیراعظم کیا گیا ہے جب ہمیں اپنی تاریخ کے ایک انتہائی نامساعد دور کا سامنا ہے ایک طرف ملک کی معیشت گوناگوں چیلنجز کا سامنا کر رہی ہے دوسری جانب سیاسی منظر نامہ بھی کچھ اطمینان بخش نہیں کیونکہ عام طور پر جب انتخابات کا ماحول بنتا ہے تو ہر طرف سے الزام تراشی اور دشنام کا لامتناہی سلسلہ شروع ہوجاتا ہے ایسے میں عبوری حکومت کی ذمہ داریاں بڑھ جاتی ہیں نگراں یا عبوری حکومت کا اولین فرض منصفانہ انتخابات کے انعقاد کو یقینی بنانا ہے اور انوار الحق کاکڑ اس حوالے سے پوری طرح پرعزم اور سنجیدہ ہیں انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ وہ بطور نگران وزیراعظم ملک میں عام انتخابات کے انعقاد کو یقینی بنانے کے لئے اپنی ذمہ داریوں کی بجا آوری یقینی بنائیں گے گزشتہ روز جب ان کا تقرر بطور نگران وزیراعظم کیا گیا تو ان کی جانب سے جو اولین بیان سامنے آیا اس میں انہوں نے کسی قسم کی لگی لپٹی رکھے بغیر اس رائے کا اظہار کیا کہ اب چونکہ ان کی ذمہ داری ملک میں آزادانہ اور منصفانہ انتخابات کا انعقاد ہے جس کے لئے انہوں نے الیکشن کمیشن سے تعاون کرنا ہے اور انہیں اپنی غیر جانبداری ثابت کرنے کا تقاضہ پورا کرنا ہے نگران وزیراعظم نے معاشی پالیسیوں کے تسلسل کو یقینی بنانے کے حوالے سے اپنے عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ آئی ایم ایف سے کیے گئے معاہدے پر عمل درآمد جاری رہے گا ہم نگران وزیراعظم کے عزم کو سراہتے ہیں اور اس امید کا اظہار کرتے ہیں کہ انہوں نے جس عزم کا اظہار کیا ہے اسے عملی جامہ پہنائیں گے، بروقت، صاف شفاف اور منصفانہ انتخابات نہ صرف وقت کی ضرورت اور سیاسی جماعتوں کا مطالبہ ہے بلکہ یہ آئینی تقاضا بھی ہے تمام سیاسی جماعتوں سے بھی یہی امید ہے کہ وہ نگراں حکومت کی آئینی پوزیشن کو سمجھتے ہوئے انتخابات کے انعقاد کے لئے نگراں حکومت اور خصوصیت کے ساتھ الیکشن کمیشن کے ساتھ بھرپور تعاون کو یقینی بنائیں گے ہماری ملکی تاریخ میں پہلے بھی بدترین سیاسی حالات آتے رہے ہیں پہلے بھی ملک میں انتخابات کا انعقاد ہوتا آیا ہے یہ کوئی پہلا موقع نہیں تاہم اس بار ایک خاص الخاص بات یہ ہے کہ اس وقت ہم ایک ایسے وقت میں عام انتخابات کی جانب بڑھ رہے ہیں جب ہماری معیشت مسائل وچیلنجز کا سامنا کر رہی ہے دوسری جانب ہماری سیاست میں غیر معمولی حد تک الزام اور دشنام طرازی کے عناصر دخیل ہوئے ہیں عدم برداشت اور قومی وقار سے عاری رویے ہماری سیاست میں داخل ہوئے ہیں نو مئی کے افسوسناک حالات وواقعات اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے اب ان حالات میں ضرورت اس امر کی ہے کہ تمام سیاسی جماعتیں من وتو سے بالاتر ہو کر ملک، قوم، جمہوریت اور جمہوری اقدار کی مضبوطی وسربلندی کے لئے اپنی ذمہ داریوں کو سمجھیں سیاست سے عدم برداشت، گالم گلوچ اور الزامات پر مبنی رویوں کے خاتمے لئے کام کریں نگراں حکومت اور الیکشن کمیشن کے ساتھ دامے درمے سخنے قدمے ہر طرح کے تعاون اور معاونت کو یقینی بنایا جائے تاکہ ملک میں بروقت صاف اور شفاف انتخابات کا انعقاد یقینی بنایا جاسکے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان
Daily: Zamana Quetta
Page No: 16
15 AUG 2023
DATE:
Bullet No 6

# سبکدوش پی ڈی ایم حکومت کی کارکردگی

سبکدوش پی ڈی ایم حکومت کے سربراہ شہباز شریف نے قوم سے الوداعی خطاب میں اس دعوے کا اعادہ کیا کہ انہوں نے ریاست کو مقدم سمجھتے ہوئے اپنی سیاست کو قربان کیا اور ملک کو تباہی سے بچایا ہے۔ سابق وزیراعظم نے کہا کہ ان کی حکومت آئینی راستے سے آئی اور اسی راستے سے واپس جا رہی ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ ملک دشمن پاکستان کی حالت سری لنکا جیسی دیکھنا چاہتے تھے۔ ملک کے خلاف سازشیں ناکام ہو گئیں۔ انہوں نے یہ دعویٰ بھی کیا کہ قوم کے وسائل کی امانت میں ان کی حکومت نے کوئی خیانت نہیں کی۔ آئندہ انتخابات کی شفافیت یقینی دیکھنے کے لئے انہوں نے نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ سے اچھی امید کا اظہار کیا اور جلد میاں نواز شریف کی وطن واپسی کا وعدہ کیا۔ سبکدوش وزیراعظم شہباز شریف کے دعوؤں اور وعدوں کو حقائق کے ترازو میں رکھنے کی ضرورت ہے۔ یہ اس لئے بھی لازم ہے کہ ابھی ان کی حکومت کے دوران بے ضابطگیوں، بدعنوانیوں اور بدانتظامی کی سرگرمیوں سے متعلق رپورٹیں سامنے نہیں آئیں اس لئے ان کی کارکردگی کو ماضی کے دعوؤں اور موجودہ کارکردگی کے تناظر میں ہی دیکھا جا سکتا ہے۔

مسلم لیگ ن، پیپلز پارٹی، جے یو آئی، ایم کیو ایم، بلوچستان عوامی پارٹی، بلوچستان نیشنل پارٹی، اے این پی، جمعیت علما پاکستان نورانی اور دیگر جماعتوں نے تحریک انصاف کی حکومت کو ہٹانے کے لئے 2018ء سے کوشش شروع کر دی تھی۔ الگ الگ نظریات اور سمت کی مالک ان جماعتوں کے پاس کوئی مشترکہ لائحہ عمل تھا نہ ملک کو مسائل سے نکالنے کا منصوبہ۔ بظاہر یہ جماعتیں صرف حکومت ہٹانا چاہتی تھیں۔ جے یو آئی کا اسلام آباد مارچ تحریک انصاف کی حکومت بنتے ہی دیکھنے کو ملا۔ یہ وہی رویہ تھا جس کی مذمت جے یو آئی سمیت تمام پی ڈی ایم جماعتیں 2014ء کے دوران تحریک انصاف کے دھرنے کے موقع پر کیا کرتی تھیں۔ جمہوری حکومت کو قبل از وقت گھر بھیجنے کے نقصانات سے پی ڈی ایم بھلا کیسے ناواقف ہو سکتی تھی۔ خود ان جماعتوں نے بھی کچھ نہیں سیکھا۔ 2020ء اور 2021ء میں پی ڈی ایم نے شہر شہر جلسوں کی مہم شروع کی۔ یہ مہم اس وقت ناکامی سے دوچار ہوئی جب لانگ مارچ میں مسلم لیگ ن کے لوگ بھی نہ نکل سکے۔ پھر رہی سہی کسر پی ڈی ایم رہنماؤں کے خطاب کے بارے میں نامناسب خیالات نے پوری کر دی۔ پی ڈی ایم کو امید اس وقت ہوئی جب پی ٹی آئی حکومت سول ملٹری تعلقات کو متوازن نہ رکھ پائی۔ اس موقع پر سابق وزیراعظم کے دورہ روس اور کئی سال کو بھی کہا جاتا ہے۔ پی ڈی ایم کے پاس تحریک انصاف کی حکومت کے خلاف کوئی ٹھوس الزامات کا جواز نہ تھا اس لئے مہنگائی کو ایشو بنا کر سیاست کا مرکزی نکتہ بنا لیا گیا۔ بلاول بھٹو زرداری کراچی سے مہنگائی ریلی لے کر نکلے۔ مطالبہ کیا گیا کہ مہنگائی کنٹرول نہ کرنے پر پی ٹی آئی حکومت مستعفی ہو جائے۔ حالات بتاتے ہیں کہ سولہ ماہ کے دوران پی ڈی ایم حکومت نے مہنگائی میں کئی گنا کر دی۔

اپریل 2022ء میں تحریک انصاف کی حکومت قومی اسمبلی میں تحریک عدم اعتماد منظور ہونے کے نتیجے میں ختم ہوئی۔ تحریک انصاف کے خلاف تحریک کامیاب بنانے کے لئے پہلے مرحلے میں اتحادیوں کو الگ کیا گیا۔ پھر تحریک انصاف کے اراکین کو منحرف بنایا گیا۔ سندھ ہاؤس میں منحرفین کے لئے رہائش کا انتظام کیا گیا۔ رپورٹس میں بتایا گیا کہ اراکین کی خرید و فروخت اور دیگر حربوں سے پی ٹی آئی حکومت ختم کی گئی۔ یہ ایسا باب ہے جس کی تفصیل تاریخ نے ابھی لکھنی ہے لیکن یہ تو طے ہے کہ یہ جمہوری عمل ماضی کی طرح غیر جمہوری انداز میں انجام دیا گیا۔

جہاں تک پی ڈی ایم کی کارکردگی کا تعلق ہے تو اقتدار ملنے کے بعد مہنگائی کم نہ ہو سکی۔ ڈالر کے نرخ دوگنا ہو گئے۔ ڈالر کی قدر 187 روپے سے 275 روپے تک جا پہنچی۔ 16 ماہ کے دوران اکثر اوقات آٹا نایاب رہا اگر کبھی ملا تو کئی گنا زیادہ قیمت پر۔ پی ڈی ایم حکومت نے آئی ایم ایف کا خوف دلا کر 18 روپے فی یونٹ والی بجلی 50 روپے فی یونٹ کر دی ہے۔ قیمتوں پر حکومت کا کوئی قابو نظر نہ آیا۔ پہلے مفتاح اسماعیل اور پھر اسحق ڈار کو وزارت خزانہ کی ذمہ داری سونپی گئی لیکن دونوں نے سخت مایوس کیا۔ ان سولہ ماہ کے دوران پی ڈی ایم کی حکومت نے عوامی بہبود اور سہولت کے لئے تو کوئی کام نہ کیا تاہم پارلیمانی روایات کو پامال کر کے کئی طرح کی قانون سازی کی گئی۔ نیب قوانین میں ترمیم کر کے پی ڈی ایم رہنماؤں کے مقدمات ختم کئے گئے۔ قومی اسمبلی نے جاتے جاتے ایسا قانون بھی منظور کر لیا جس نے مسلم لیگ ن کے رہنماؤں کی ضبط شدہ جائیدادیں انہیں واپس دلا دی۔ جناب شہباز شریف اسے اگر اپنی اچھی کارکردگی سمجھتے ہیں تو الگ بات ورنہ یہ کارکردگی عوام کی نظر میں قطعی قابل تحسین نہیں۔

پی ڈی ایم جماعتوں کا یہ کہنا کہ انہوں نے اپنی سیاست ریاست کی خاطر قربان کی اب کوئی پرکشش نعرہ نہیں رہا۔ وعدہ خلافی کے بعد عوام کی زندگی اس حد تک اجیرن بنا دی گئی ہے کہ آئندہ انتخابات میں بڑے ردعمل کی توقع کی جا سکتی ہے۔ پی ڈی ایم نے سیاسی انتقام کی جو روایت زندہ کی ہے وہ مستقبل کی سیاست کے لئے خطرہ بن چکی ہے۔ ان خرابیوں کا تجزیہ کئے بنا پی ڈی ایم حکومت کی کارکردگی کو اچھا قرار دینا قابل فہم نہیں۔

CamScanner

p-1

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلی تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. 6

DATE: 15 AUG 2023

Page No: 17

# Balochistan plight and Mengal's plea

In a letter addressed to former Prime Minister Mian Muhammad Nawaz Sharif, Sardar Akhtar Mengal, the chief of Balochistan National Party (BNP), sheds light on the longstanding issues plaguing the province of Balochistan. In a reflective and critical tone, Mengal underscores the challenges faced by his region and urges for a collective effort towards meaningful change. Mengal's words echo the frustrations and hopes of the Baloch people, whose grievances have often been overshadowed by the broader political landscape of Pakistan. The letter begins by extending warm wishes to Nawaz Sharif and his family, setting a tone of earnestness and respect. It then revisits a previous letter sent on July 22, 2022, in which Mengal had highlighted the pressing concerns of Balochistan. The letter mourns the persistent increase in the issues faced by Balochistan, contrasting the hoped-for decrease with the unfortunate reality. Rather than laying blame elsewhere, Mengal emphasizes that it is essential to recognize the role of fate and history in the province's challenges. The Baloch people have endured forced disappearances and a lack of political solutions, resorting to violence instead of dialogue. Mengal raises concerns about the emphasis on seeking solutions through establishment consultation, which could perpetuate a cycle of mistrust and power imbalances. Mengal draws a parallel to the experiences of Nawaz Sharif and his party, pointing out how quickly political players can forget past injustices and unconstitutional actions. He highlights the danger of passing legislation without involving allies, likening it to further weakening the foundation of democracy. The reference to "hammering more nails into the coffin of democracy" is a powerful metaphor for the erosion of democratic institutions.

CamScanner

The letter takes a poignant turn as Mengal predicts that the laws against human rights, which have often been wielded against the Baloch people, might eventually be used against Nawaz Sharif and his family. This draws attention to the ongoing human rights concerns in Balochistan and calls for solidarity in opposing such injustices. On the economic front, Mengal acknowledges the developments brought by the China-Pakistan Economic Corridor (CPEC) to Balochistan, including infrastructure projects and educational initiatives like Gwadar University. However, he subtly questions the recognition and impact of such projects among the local population. The letter raises the alarm over the alleged manipulation of the Baloch population figures in the last census, indicating potential political motivations behind such actions. Mengal critiques the decision-making process that neglects allies' opinions, fostering mistrust and resentment between provinces.

Mengal concludes with a note of disappointment, lamenting the choices made that have driven a wedge between Balochistan and the political establishment. He points to the nomination of a caretaker prime minister that seemed to disregard Balochistan's interests, causing further alienation. The recent selection of Anwar-ul-Haq Kakar as caretaker prime minister becomes a relevant example. The surprise surrounding his nomination underscores the lack of communication and transparency in the decision-making process. In light of the letter's content, it becomes evident that Akhtar Mengal's plea to Nawaz Sharif is not just a call for attention but a cry for unity, empathy, and a commitment to addressing the multifaceted challenges faced by Balochistan. His words highlight the need for a renewed focus on democracy, justice, and inclusive decision-making to heal the fractures between provinces and create a brighter future for all of Pakistan's citizens.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 6

DATE: 15 AUG 2023

Page No: 19


# انوار الحق کاکڑ ہی کیوں؟




چہرہ

☆☆☆

مظہر برلاس

mazhar.barlas@janggroup.com.pk


اس مرتبہ نگران وزیراعظم کی نامزدگی مسئلہ فیثا غورث بنی رہی، درجنوں کے حساب سے نام زیر بحث آئے مگر واقفان حال کا کہنا ہے کہ کسی کو علم نہ تھا کہ نگران وزیراعظم کون ہوگا مگر پھر ایسا نام سامنے آیا جس کا پورے فسانے میں ذکر نہ تھا۔ یہ کرشماتی نام سمجھداروں کا انتخاب ہے۔ انوار الحق کاکڑ جیسے مزاج کے سلجھے ہوئے سیاستدان ہیں، ان کے سینے میں پاکستان سے محبت کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی ہے۔ اگرچہ ان کا تعلق درمیانی طبقے سے ہے مگر وہ پاکستان کے عام آدمی کے مسائل سے بخوبی آگاہ ہیں۔ دیگر باتوں سے پہلے یہ ضروری ہے کہ انوار الحق کاکڑ کی شخصیت اور خاندانی پس منظر کا جائزہ لیا جائے، ان کے دادا قیام پاکستان سے پہلے خان آف قلات کے معالج رہے۔ انوار الحق کاکڑ کے والد احتشام الحق کاکڑ نے اپنی ملازمت کا آغاز تحصیلدار کی حیثیت سے کیا اور مختلف عہدوں پر فائز رہے۔ پاکستان کے نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ ضلع قلعہ سیف اللہ کی تحصیل مسلم باغ میں واقع علاقے کان مہترزئی میں پیدا ہوئے، کاکڑ پشتونوں کا معروف قبیلہ ہے، کہتے ہیں کہ سندھ میں بسنے والے چانڈیو بھی دراصل کاکڑ ہی ہیں۔ انوار الحق کاکڑ کے تعلیمی پس منظر پر غور کیا جائے تو پتہ چلتا ہے کہ انہوں نے اپنی ابتدائی تعلیم کوئٹہ کے ایک مشنری اسکول سے حاصل کی۔ اس کے بعد وہ کیڈٹ کالج کوہاٹ چلے گئے، اسی دوران ان کے والد کا انتقال ہو گیا، جس کے بعد انوار الحق کاکڑ کو کوئٹہ ہی کو مسکن بنانا پڑا۔ انہوں نے بلوچستان یونیورسٹی سے سیاسیات اور سماجیات میں ماسٹرز کیا۔ عملی زندگی کی ابتدا میں انوار الحق کاکڑ کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا، انہوں نے بحیثیت استاد اپنے آبائی اسکول سے پڑھانا شروع کیا چونکہ انوار الحق کاکڑ زندگی کی سختیوں سے واقف تھے سو لوگوں کے مسائل حل کرنے کے لئے ان کے سینے میں دل دھڑکتا رہا، یہی دھڑکن انہیں سیاست میں لے آئی۔ انہیں کارزار سیاست میں متعارف کروانے کا سہرا سردار خان کاکڑ کے سر ہے۔

یہ بات بھی درست ہے کہ انوار الحق کاکڑ بلوچستان کے سیاسی منظرنامے پر پہلی بار 2008ء میں نمایاں ہوئے، جب انہوں نے ق لیگ کے امیدوار کی حیثیت سے کوئٹہ شہر سے قومی اسمبلی کا الیکشن لڑا البتہ وہ کامیابی سے ایک قدم پیچھے رہے۔ انہیں 2015ء میں مسلم لیگ ن سے تعلق رکھنے والے وزیراعلیٰ ثناء اللہ زہری نے حکومت بلوچستان کا ترجمان بنایا، ترجمانی کے اس دور میں انہیں قومی سیاسی رہنماؤں کے علاوہ عسکری قیادت اور ملک بھر کے صحافیوں سے قربت کا موقع ملا۔ مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ جنرل راحیل شریف آرمی چیف تھے، جنرل عامر ریاض کور کمانڈر کوئٹہ جبکہ عاصم سلیم باجوہ فوج کے ترجمان تھے، انہی دنوں میں ہمیں اکثر کوئٹہ اور گوادر میں بلایا جاتا رہا۔

انوار الحق کاکڑ سے بڑی طویل نشستیں ہوئیں، یہیں سے دوستی کی ابتدا ہوئی۔ اسلام آباد کی ایک معروف مارکیٹ میں ان سے کئی یادگار ملاقاتیں رہیں۔ 2018ء کے آغاز میں بلوچستان سے ن لیگی حکومت کے خلاف ہونے والی بغاوت میں انوار الحق کاکڑ سرفہرست تھے۔ 2018ء میں انوار الحق کاکڑ بلوچستان سے آزاد حیثیت سے سینیٹر منتخب ہوئے، انہوں نے سینیٹ میں کئی یادگار تقریریں کیں، اس دوران انہوں نے این ڈی یو کے علاوہ کئی بیرونی یونیورسٹیوں میں بلوچستان کے مسائل کے حوالے سے لیکچر دیئے۔ انوار الحق کاکڑ جیسے سمجھدار اور صلح جو سیاستدان ہیں، وہ زندگی کے مسائل کا درست مشاہدہ کرتے ہوئے جب گفتگو کرتے ہیں تو ایسے لگتا ہے جیسے کوئی فلاسفر بول رہا ہو، انہیں انگریزی، اردو، فارسی، پشتو، بلوچی اور براہوی زبانوں پر عبور حاصل ہے۔

دانشورانہ سوچ کے حامل ونس آف بلوچستان کے سربراہ سابق دور میں چیئرمین پی ٹی آئی سے بھی ملتے رہے چونکہ ان کی پارٹی ان کی اتحادی تھی۔ یاد رہے کہ باپ کے سیکرٹری جنرل منظور کاکڑ بھی بلوچستان کی مضبوط آواز ہیں۔ منظور کاکڑ ہمارے گورنمنٹ کالج لاہور کے دوست منیر کاکڑ کے بھائی ہیں۔ انوار الحق کاکڑ کے نگران وزیراعظم بننے پر ایک بلوچ سردار نے خفگی کا اظہار کیا ہے۔ شاید اس کی بڑی وجہ یہ ہو کہ انوار الحق کاکڑ کوئی بڑے جاگیردار یا سردار نہیں ہیں بلکہ بلوچستان اور پاکستان سے پیار کرنے والے درمیانی طبقے کے فرد ہیں۔ خیال ہے کہ انوار الحق کاکڑ خود کو سیاسی تنازعات سے دور رکھیں گے اور پچھلے سولہ مہینوں کی پرتشدد سیاست کا حصہ نہیں بنیں گے۔ ایک عظیم محب وطن پاکستانی کی حیثیت سے ان سے یہی توقع کی جا سکتی ہے کہ وہ سیاسی عدم استحکام سے گریز کریں گے، کرپٹ لوگوں سے دور رہیں گے۔ ویسے آپس کی بات ہے کہ ان کی نامزدگی کے ساتھ ہی پی ڈی ایم کے اتحادی ٹولے کی امیدوں پر پانی پھر گیا ہے۔ بقول شاعر خون دل دے کے نکھاریں گے رخ برگ گلاب ہم نے گلشن کے تحفظ کی قسم کھائی ہے۔


(کالم نگار کے نام کیساتھ ایس ایم ایس اور واٹس ایپ رائے دیں 00923004647998)

# Performance of outgoing PDM govt

Outgoing Pakistan Democratic Movement (PDM) prime minister Shehbaz Sharif in his farewell address to the nation reiterated the claim that he sacrificed his politics over Pakistan and saved the country from plunging into a Sri Lanka situation. "Our government was formed constitutionally and we are leaving constitutionally," said Shehbaz Sharif adding, "We did our best to live up to the nation's expectations and never betrayed their trust being the custodian of national exchequer." He wished good luck to caretaker Prime Minister Anwar-ul-HaqKakar and promised that Nawaz Sharif's will return to Pakistan soon. The outgoing PM claims need to be reviewed with facts and there should be a balancing act with both past and present performances. It is worth mentioning that Muslim League-N, People's Party, JUI, MQM, Balochistan Awami Party, Balochistan National Party, ANP, Jamiat Ulema Pakistan Noorani and other parties all with different ideologies and character joined hands to oust Pakistan Tehreek-e-Insaf government since 2018. They had no common ground and the thing that united them was immense popularity of PTI and its leadership. JUI's started with first push and their Islamabad march came as soon as PTI came into power. The same attitude was condemned by all PDM parties including JUI when PTI made a sit-in in 2014. PDM played its hand and is in a ditch, now face forward. Sending democratically elected government in connivance with other parties never did ring a bell as what comes after. Their campaign in 2020 and 2021 with rallies in different cities met a disastrous end as not even 10,000. could be gathered at Minar-i-Pakistan Lahore followed by one of PDM's stalwarts Mehmood Achkzai's remarks on Punjab. PDM change of fortunes happened when PTI couldn't maintain balance in keeping relationship with military establishment and what came after was Russia's visit and the American Cypher. Inflation was only point and that was harped day in and day out as rumours about American Cypher and Russia's visit were state protocols and everyone was taken on board. Bilawal Bhutto came from Karachi leading a march with a slogan of uncontrolled inflation and what happened, in actual, after PTI's ouster from office, the inflation in true letter and spirit sky rocketed and it is three times more in 16 months of PDM regime of what was in the past. What transpired after is the same old story, PTI government ended with a no confidence motion in National Assembly. Allies added with defecting members did the job. Sindh House has tales that will be unearthed in due course of time as national politics is a quagmire with unfathomable depth and nothing comes out clean. The so-called democratic process was done in undemocratic way to get the desired results. A brief comparison of PDM's 16 months inflation stays uncontrollable dollar at Rs 187 in PTI's time is now at Rs 275, electricity tariff from Rs 18 is now at Rs 50. Flour crisis and many other followed suit as things stayed out of order in PDM's tenure. The PDM government is a relic of the past. Now it is upto caretaker setup as to what relief it can give to common man.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.______ DATE: 15 AUG 2023 Page No: ______

MASHRIQ QUETTA



کوئٹہ: چیف سیکرٹری عبدالعزیز عقیلی ودیگر سول وفوجی حکام قومی ترانے کے احترام میں کھڑے ہیں



چیف سیکریٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیل اور دیگر سول وعسکری حکام یوم آزادی کے حوالے سے صوبائی اسمبلی کے سبزہ زار پر منعقدہ تقریب میں قومی ترانے کے احترام میں کھڑے ہیں



چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی سول وعسکری حکام خواتین بچے اور شہری یوم آزادی کے حوالے سے صوبائی اسمبلی کے سبزہ زار پر منعقدہ تقریب میں شریک ہیں